© rasailojaraid.com



انا للہ وانا الیہ راجعون

# سفر آخرت کے راہی

اللھم اغفر للمؤمنین والمومنات والمسلمین والمسلمات واعذھم من فتنۃ القبر وعذاب النار وعافھم واعف عنھم وادخلھم جنت الفردوس○

## جامعہ سلفیہ مسجد کے خادم مولوی محمد یوسف اچانک رحلت فرما گئے

جامعہ سلفیہ کے تمام بہی خواہوں اور طلبہ کو نہایت دکھ اور افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ جامعہ سلفیہ مسجد کے دیرینہ خادم مولوی محمد یوسف 4 جولائی کی شام اچانک رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

آپ عرصہ بیس سال تک جامعہ کی مسجد میں بطور خادم خدمت سرانجام دیتے رہے۔ بہت خوش اخلاق 'ملنسار تھے۔ اپنے فرائض پوری محنت اور ذمہ داری سے ادا کرتے تھے۔ اساتذہ 'ملازمین اور طلبہ کے ساتھ رویہ بہت اچھا ہوتا اور سب کی خیرخواہی کرتے تھے۔ طبیعت میں بہت سادگی تھی۔

4 جولائی مغرب کی اذان دی' باجماعت نماز ادا کی' دونوں جانب سلام پھیرنے کے بعد لیٹ گئے اور روح قفس عنصری سے پرواز کرگئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ایسا حسن خاتمہ جو کہ قابل رشک ہے۔

5 جولائی بروز جمعرات صبح 9 بجے جامعہ میں نماز جنازہ ادا کی گئی۔ جس میں لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور بشری لغزشوں کو معاف کرے۔ تمام لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔

جامعہ کی تمام انتظامیہ' اساتذہ اور طلبہ ان کی اچانک رحلت پر بے حد غمگین ہیں اور اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں اور مرحوم کی بلندی درجات کے لیے دعا گو ہیں۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

## مولانا عبدالحیٔ انصاری کو صدمہ

معروف عالم دین مولانا عبدالحیٔ انصاری کے والد محترم محمد عبداللہ 6 جون 2007ء کو داعی اجل کی پکار پر لبیک کہتے ہوئے مالکِ ارض وسما کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم کی نمازِ جنازہ ان کے صاحبزادے مولانا عبدالحیٔ انصاری نے خود پڑھائی۔ مرحوم کی مغفرت کے لیے کی گئیں دعائیں بے حد رقت آمیز تھیں۔ محلہ مومن آباد کا ایک تاریخ ساز جنازہ تھا۔ جس میں مختلف حلقوں اور طبقات سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر علمائے کرام بھی کثیر تعداد میں موجود تھے۔

محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ ایک باعمل انسان' طبیعت انتہائی سادہ اور اخلاق وشرافت کے پیکر تھے۔ دین کے ساتھ ایسی محبت اور لگاؤ تھا کہ دین کے خلاف کوئی بات پسند نہ کرتے تھے۔ موصوف اپنی مسجد کے مؤذن تھے۔ آپ پانچ اذانوں کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ساتھ ساتھ عرصہ ۳۲ سال سے مسجد میں تہجد کی اذان بھی باقاعدگی سے دے رہے تھے۔ آپ کی مکمل اسلامی سوچ اور دینی محبت کا عملی ثبوت آپ کی دیندار اولاد کی شکل میں موجود ہے۔ موصوف کے تین بیٹے (مولانا عبدالاعلیٰ انصاری، مولانا عبدالحنان، مولانا عبدالسنان) عالم دین ہیں جو کہ ان شاءاللہ اُخروی زندگی میں آپ کا سرمایہ افتخار ہیں۔

ادارہ جامعہ سلفیہ کے اساتذہ وطلباء کا ایک تعزیتی اجلاس شیخ الحدیث حافظ عبدالعزیز علوی حفظہ اللہ کی قیادت میں منعقد ہوا۔ جس میں حافظ مسعود عالم' مولانا محمد یونس بٹ' مفتی عبدالحنان زاہد' پروفیسر مولانا محمد یاسین ظفر اور قاری محمد رمضان نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اجلاس میں مرحوم کا ذکر خیر کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی بلندی درجات کے لیے دعا کی گئی اور لواحقین خصوصاً مولانا عبدالحیٰ انصاری سے اظہار تعزیت کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اعلیٰ علیین میں جگہ نصیب فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل کی توفیق دے۔ آمین۔ (ادارہ ترجمان الحدیث)

☆......☆......☆......☆......☆......☆

## قاری عبدالرحیم زاہد آف کمالیہ اور مولانا جہانگیر آف جامعہ سلفیہ کو صدمہ

تمام جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت دکھ اور افسوس کے ساتھ سنی اور پڑھی جائے گی کہ مرکزی جمعیت کے ممتاز عالم دین قاری عبدالرحیم زاہد آف کمالیہ کی اہلیہ محترمہ اور مولانا جہانگیر آف جامعہ سلفیہ کی والدہ ماجدہ طویل علالت کے بعد کمالیہ میں رحلت فرما گئی۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

مرحومہ بہت نیک اور صالحہ خاتون تھیں۔ پابند صوم وصلوٰۃ اور نیکی کے کاموں میں بھرپور حصہ لیتی تھیں۔ ان کی نمازِ جنازہ شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ حافظ مسعود عالم نے پڑھائی۔ جس میں تمام مکاتب فکر کے علماء اور لوگوں نے شرکت کی۔ خصوصاً شیخ الحدیث مولانا عبدالعزیز علوی' مولانا محمد یونس بٹ' پروفیسر یاسین ظفر' مولانا عبدالرشید حجازی' مولانا عبدالرشید' مولانا عبدالستار حماد' مولانا حافظ عبدالستار 7 چک کرملی والے شامل تھے۔

جامعہ کی انتظامیہ اور اساتذہ نے مرحومہ کی رحلت پر اہل خانہ سے دِلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل سے نواز۔ آمین۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

## جناب سعید احمد فاروقی کی وفات

حاجی عبدالمجید رحمانی صدر انتظامیہ جامع مسجد توحید اہل حدیث جمیل آباد فیصل آباد کے ماموں سعید احمد فاروقی 16 جون کی صبح دس بجے طویل عرصہ بیمار رہنے کے بعد انتقال کر گئے۔ متوفی انتہائی نیک اور پرہیزگار تھے۔ متوفی کی نمازِ جنازہ شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ مولانا عبدالعزیز علوی نے جامعہ سلفیہ میں پڑھائی۔ نمازِ جنازہ میں اساتذہ وطلباء جامعہ کے علاوہ شہریوں کی کثیر تعداد نے بھی شرکت کی۔ متوفی کو اپنی زندگی کے آخری لمحات میں تین مرتبہ کلمہ توحید پڑھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ متوفی نے اپنی آخری وصیت میں نماز کی پابندی' شرک سے اجتناب' بُرے کاموں سے گریز' والدین کی خدمت کی تلقین کی۔

متوفی نے اپنے لواحقین میں ایک بیوہ' چار بیٹیاں اور دو بیٹے چھوڑے۔

ادارہ جامعہ سلفیہ دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ متوفی کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور متوفی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## مفتی جماعت مولانا عبدالستار رحماد کو صدمہ

نہایت دُکھ اور افسوس کے ساتھ یہ خبر سنی گئی کہ مفتی جماعت مولانا عبدالستار الحماد کے والد گرامی طویل علالت کے باعث ایک سوا ایک سال کی عمر میں رحلت فرما گئے۔ انا للہ و انا علیہ راجعون.

ان کی نمازِ جنازہ 28 جون بروز جمعرات شام چھ بجے میاں چنوں میں ادا کی گئی۔ جس میں علماء، مشائخ اور لوگوں کی بری تعداد نے شرکت کی۔ جامعہ سلفیہ سے شیخ الحدیث مولانا عبدالعزیز علوی، حافظ مسعود عالم، مولانا محمد یونس بٹ، پروفیسر یاسین ظفر خصوصی طور پر شریک ہوئے اور مولانا عبدالستار رحماد سے ان کے والد کی رحلت پر دِلی تعزیت کا اظہار کیا۔

ادارہ جامعہ سلفیہ دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ متوفی کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور متوفی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆


ادارہ تبلیغ اسلام جام پور کی طرف سے اہم اعلان

# آٹھ کتابیں مفت منگوائیں

ادارہ تبلیغ اسلام جام پور کی طرف سے مندرجہ ذیل آٹھ کتابیں مفت زیرِ تقسیم ہیں۔

(۱) جنازہ اور متعلقہ مسائل (۲) رفع الیدین ایک عظیم سنت
(۳) صراط مستقیم کی پہچان (۴) موسیقی روح کی نہیں جہنم کی غذا ہے
(۵) تعارفِ اہل حدیث (۶) رشوت معاشرے کا کینسر
(۷) مسائل زکوٰۃ (۸) مسائل رمضان

خواہشمند حضرات مبلغ پچیس (۲۵) روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر طلب فرمائیں۔

نوٹ: کتابوں کی تقسیم 15 شعبان تک جاری رہے گے۔

اہلحدیث کے امتیازی مسائل پر مشتمل سات اشتہارات کا سیٹ بھی مفت تقسیم کیا جا رہا ہے۔ ملک کی تمام مساجد اہلحدیث کے منتظمین و خطباء حضرات 12 روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مکمل سیٹ منگوائیں اور اپنے زیر انتظام مساجد میں فریم کروا کر آویزاں کریں۔

نوٹ




© rasailojaraid.com